# علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی، اسلام آباد

## کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ

## (شعبہ سیرت سٹڈیز)

**وارننگ**

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism "پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

## ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1 - تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2 - سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3 - ہاتھ سے تحریر شدہ سکین (Scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

والسلام

کورس رابطہ کار

پروفیسر ڈاکٹر شاہ معین الدین ہاشمی

کورس: مطالعہ سیرت مکی و مدنی دور (3901) سمسٹر: بہار، 2026ء

سطح: بی ایس علوم اسلامیہ

# امتحانی مشق نمبر 1

## (یونٹ نمبر 1-5)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1۔ رسول اللہ ﷺ کو 'امین' کا خطاب دینے کے پیچھے کون سے عوامل کار فرما تھے؟ اس خطاب نے آپ کی سماجی حیثیت پر کیا اثر ڈالا؟ مفصل لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ ابو لہب کا اصل نام کیا تھا اور وہ رسول اللہ ﷺ سے کس طرح کا رشتہ رکھتا تھا؟ اس کے ابتدائی رد عمل اور اس کے بارے میں نازل ہونے والی وحی کے بارے میں تفصیل بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ حضرت عمار بن یاسرؓ، ان کے والد یاسرؓ اور والدہ سمیہؓ کو قریش نے کن مظالم کا نشانہ بنایا؟ رسول اللہ ﷺ نے ان کے بارے میں کیا فرمایا؟ (20)

سوال نمبر 4۔ نبی کریم ﷺ اور حضرت ابو بکرؓ جب غارِ ثور میں تھے تو قریش کتنی قریب پہنچے؟ اس موقع پر حضرت ابو بکرؓ کی گھبراہٹ پر نبی کریم ﷺ نے کیا فرمایا؟ اللہ تعالیٰ نے اس موقع پر کس طرح مدد فرمائی؟ (20)

سوال نمبر 5۔ قریش کے سرداروں نے ابو طالب سے رسول اللہ ﷺ کی دعوت کو روکنے کے لیے بارہا اصرار کیا۔ ان کے مطالبات کیا تھے، اور ابو طالب نے ان مطالبات کا کیا جواب دیا؟ (20)

# امتحانی مشق نمبر 2

## (یونٹ نمبر 6-9)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1۔ بدری صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے فضائل کیا ہیں اور ان کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کی کیا بشارتیں ہیں؟ مفصل لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ غزوہ احزاب کے موقع پر حیی بن اخطب اور کنانہ بن ربیع نے قریش اور بنی غطفان کو مسلمانوں کے خلاف متحد کرنے کے لیے کیا حکمت عملی اپنائی اور ان کا مقصد کیا تھا؟ (20)

سوال نمبر 3۔ صلح حدیبیہ کے وقت ابو جندل رضی اللہ عنہ کا معاملہ کیا تھا اور رسول اللہ ﷺ نے اس مسئلے کو کیسے حل کیا؟ (20)

سوال نمبر 4۔ غزوہ حنین کے دوران مسلمانوں کو ابتدائی طور پر شکست کا سامنا کیوں کرنا پڑا؟ اللہ تعالیٰ نے اس موقع پر کس طرح مسلمانوں کی مدد فرمائی؟ (20)

سوال نمبر 5۔ حجۃ الوداع کو اسلامی تاریخ میں ایک منفرد حیثیت کیوں حاصل ہے؟ مفصل لکھیں۔ (20)